بلکہ جس طرح سونے کو آگ میں تپانے سے اُسکی کھوٹ نکالنی منظور ہوتی ہے اِسی طرح آتشِ جہنم سے نفوسِ انسانی کو مہذب کرنا مقصود ہے۔

شوخی

۳۵ یارب تو کجائی کہ بہ ما زر ندہی | بیدرد خدائی کہ بما زر ندہی
نے نے۔ تو نہ غائبی، و نے بیرحمی | بے مایہ چو مائی کہ بما زر ندہی

اِس رباعی میں مرزا کی شوخی و گستاخی حد سے زیادہ گذر گئی ہے۔ دار الافتا میں تو یقیناً اُسپر کفر کا فتوے دیا جائیگا؛ لیکن ہمارے نزدیک ایسے کلام سے بجائے کفر کے زیادہ تر قائل کے ایمان اور یقین پر استدلال ہوتا ہے۔ صاف پایا جاتا ہے کہ سائل معاش کی تنگی و فراخی و خوشحالی و بدحالی کو محض خدا کی طرف سے جانتا ہے؛ اور تدبیر و عقل و دانش کو اُس میں بالکل عاجز و درماندہ سمجھتا ہے؛ یہاں تک کہ جب معاش سے بہت تنگ ہوتا ہے تو یہ نہیں خیال کرتا کہ ہمنے تدبیر نہیں کی؛ یا تدبیر میں مجھسے غلطی ہوگئی، یا ہماری کاہلی و سستی سے یہ تنگدستی ہمکو نصیب ہوئی؛ بلکہ نہایت تعجب کے ساتھ خدا کی جناب میں عرض کرتا ہے کہ کیا تیرا خزانہ خالی ہوگیا ہے۔ جو ہم کو کچھ نہیں ملتا؛ ہاں اِس قسم کے خطابات آدابِ شریعت کے بالکل خلاف ہیں؛ اور ایسے ہی خطابات کی نسبت کہا گیا ہے۔

"با یروں را ننگریم و قال را | ما دروں را بنگریم و حال را"

قصائد مرزا کے قصائد جن میں قطعات، نوحے، ترکیب بند، ترجیع بند، مخمس وغیرہ بھی شامل ہیں۔ کیا باعتبار کمیت اور کیا بلحاظ کیفیت کے اُنکے اصنافِ نظم میں سب سے زیادہ ممتاز صنف ہے؛ اگرچہ مرزا کی غزل کا ایک معتد بہ حصہ متاخرین کے طبقے میں کسی بڑے سے بڑے نامور اور مسلم الثبوت

اُستاد کی غزل سے گرا ہوا نہیں ہے۔ بلکہ اکثر کی غزل پر ہر ایک لحاظ سے فوقیت رکھتا ہے؛ مگر اسی کے ساتھ غزلیات کا ایک دوسرا حصہ ایسا بھی ہے جسمیں تغزل کی شان یعنی عام فہم اور خاص پسند ہونا بہت کم پایا جاتا ہے۔ بخلاف قصیدے کے کہ اُسمیں قصیدے کی شان جیسی کہ ہونی چاہیئے اوّل سے آخر تک یکساں طور پر جلوہ گر ہے۔

قصائد میں مرزا نے کہیں خاقانی کا تتبع کیا ہے کہیں سلمان و ظہیر کا اور کہیں عرفی و نظیری کا؛ اور ہر ایک منزل کامیابی کے ساتھ طے کی ہے۔ مرزا کی تشبیب بہ نسبت مدح کے نہایت شاندار اور عالی رتبہ ہوتی ہے؛ اور اِسی سے قصیدے کی پستی و بلندی کا اندازہ کیا جاتا ہے۔ مشرقی شاعری میں عموماً اور ایران کی شاعری میں خصوصاً کوئی مضمون مدح و ستائش سے زیادہ پھیکا سیٹھا ٹھنڈا اور بے لطف نہیں ہوتا؛ علی الخصوص متاخرین نے مبالغہ کی نَے بڑھاتے بڑھاتے مدح کو ہجو کے درجے تک پہنچا دیا ہے؛ اور اِس کلیہ سے مرزا کی مدح بھی مستثنے نہیں۔ البتہ عرفی نے مدحیہ مبالغوں میں ایک قسم کا بانکپن پیدا کیا ہے جو اُسی کے ساتھ مخصوص ہے۔ جس طرح قدما کے قصائد میں وہ آن نہیں پائی جاتی اِسی طرح مرزا کے قصائد بھی اُس سے مُعرّا ہیں۔ لیکن مرزا کے اکثر قصیدوں کی تشبیبیں کچھ شک نہیں کہ عرفی کی تشبیبوں سے سبقت لیگئی ہیں۔

چونکہ مرزا کے تمام قصائد اور اُنکے ملحقات کے انتخاب کی اِس مختصر میں گنجایش نہیں ہے اِسلئے ہم ایک آدھ پورا قصیدہ اور باقی صرف چند تشبیبیں۔ اور ایک آدھ مدح اور کچھ قطعے اور نوحے بطور نمونے کے اِس مقام پر نقل کرتے ہیں اور اخیر میں مرزا کا ایک ترکیب بند

نظیری کے ترکیب بند کے ساتھ اِس غرض سے نقل کرینگے تاکہ اصحاب ذوق صحیح کو دونو
کے کلام میں موازنہ اور اِس بات کا اندازہ کرنے کا موقع ملے کہ مرزانے اکبری طبقہ کے
چیدہ اور برگزیدہ شعرا کے تتبع کو کس حد اور کس درجے تک پہنچایا تھا۔

انتخاب از قصیدۂ توحید اکبری

توحید

اے ز وہم غیر غوغا در جہاں انداختہ — گفتہ خود حرفے و خود را در گماں انداختہ
دیدہ بیرون و درون از خویشتن پُر۔ وانگہے — پردۂ رسم پرستش درمیاں انداختہ
نقش بر خاتم ز حرفِ بے صدا انگیختہ — شور در عالم ز حسنِ بے نشاں انداختہ
چرخ را در قالبِ ابداع در پروا ریختہ (معلّق) — خاک را بر نطعِ پیدائی ستیاں انداختہ (فرش / چت)
عاشقاں را موقفِ دار و رسن وا داشتہ — غازیاں در معرضِ تیغ و سناں انداختہ
رنگہا در طبعِ ارباب قیاس آمیختہ — نکتہ ہا در خاطرِ اہلِ بیاں انداختہ
با چنیں ہنگامہ در وحدت نمی گنجد دوئی — مُردہ را از خویشتن در یا بر کراں انداختہ

دوئی کو مُردے سے اور وحدت کو دریا سے تشبیہ دی ہے یعنی جسطرح دریا مردے کو باہر پھینکدیتا
ہے اِسی طرح باوجود ہنگامۂ کثرت کے وحدت میں دوئی نہیں سما سکتی۔ بالکل نئی
اور نہایت بلیغ تشبیہ دی ہے۔

نردبانے بستہ با دیوار کاخے در نظر — انتعاشے در نہادِ این و آں انداختہ
رفتہ ہر کس تا قدمگاہے ز انجا خویش را — پایہ پایہ از فرازِ نردباں انداختہ (چاہ)
غم چو گیرد سخت نتواں شکوہ از دلدار کرد — بہر آسانی اساسِ آسماں انداختہ

گل چو ماند دیر گردد بر دلش بازار سرد — بہر تجدیدِ طرب طرحِ خزاں انداختہ
آتشے از روے گلہائے بہار افروختہ (یعنی بازار آتش پرستی سرد گردد) — شعلہ در جانِ مرغِ صبح خواں انداختہ
دجلہ در ساغرِ معنی طرازاں ریختہ — رشحہ در کاسۂ دریا و کاں انداختہ
جز بدیں آب آتشِ زردشت نتواں سرد کرد — کعبہ را جوے بہشت از ناوداں انداختہ
جز بدیں الماس نتواں انچنیں دُر سُفت دانہ — رخنہ از اسلام در کیشِ مغاں انداختہ

یعنی آتشِ زردشت ہر ایک پانی سے نہیں بجھ سکتی تھی اِس لئے میزابِ کعبہ سے
بہشت کی نہر جاری کردی اور کیش مغاں ایک ایسا موتی تھا کہ اسلام جیسے الماس کے
سوا اُسکا بیندھنا یعنی اُسمیں رخنہ ڈالنا ناممکن تھا۔

چشم را بخشیدہ جوناں گردشے کار ابروش — بر زمیں مانند طرحِ آسماں انداختہ
دادہ ابرو را بدانسان جنبشے کاہل قیاس (یعنی چشمِ معشوقاں را) — در تنِ شمشیر پندارند جاں انداختہ
اے ز فرمِ خاکساران تو از شہپرِ ہُما — چوں گلیمِ کہنہ ظلّ را بر کراں انداختہ
ذوقِ تمکینِ گدایانِ تو گنجِ شاہ را — از دلِ گنجور و چشمِ پاسباں انداختہ
تا دریں صورت چشمِ دشمناں پنہاں بود — دوست را اندر طلسمِ امتحاں انداختہ
تا علاجِ خستگی آسائشِ دیگر دہد — خارہا در رہگذارِ میہماں انداختہ

مرثیہ و نوحہ

کفرست کفر۔ در پے روزی شتافتن — ننگ ست ننگ۔ در غمِ دنیا گریستن
گاہے بہ داغِ شاہد و ساقی گداختن — گاہے بہ برگِ ناملک و با با گریستن

بایدبدر دہرزہ گرستن۔ دگر گریست | بیجا گریستیم۔ دریغا گریستن
رشک آیدم بابرکہ در حدِ وسعِ اوست | برخاکِ کربلاے معلیٰ گریستن
رفت آں چہ رفت۔ بادم اکنوں نگاشت ہدا | از بہرِ نور دیدۂ زہرا گریستن
بارانِ رحمتے!!! کہ بانداز شست وشو | دارد بہ روسیاہی اعدا گریستن
یعنی بقصدِ شست وشوے ۱۲
خود را اندیزاں لبِ نوشیں بکامِ خویش | زیبد بہ شور بختی دریا گریستن
مزدِ شفاعت وصلۂ صبر وخوں بہا | ہیچ از کسے نخواستہ اِلّا گریستن
چوں زرقِ عیب درد ترا عام کردہ اند | سرمیزند زمومن وترسا گریستن

نوحہ

اے فلک شرم! از ستم بر خاندانِ مصطفےٰ | داشتی زیں پیش سر بر آستانِ مصطفےٰ!
اے بمہر و ماہ نازاں ہیچ میدانی چہ رفت؟ | از تو بر چشم و چراغِ دودمانِ مصطفےٰ!
سایہ از سرورِ روانِ مصطفےٰ! نفتد بخاک | ہاں چہ برخاک افگنی سرو روانِ مصطفےٰ!
گرمیِ بازارِ امکاں خود طفیلِ مصطفےٰ است | ہیں چہ آتش میزنی اندر دکانِ مصطفےٰ!
کینہ خواہی ہیں!! کہ با اولادِ امجادش کنی | انچہ باما کردہ اعجازِ بیانِ مصطفےٰ!
انتقام کشی ۱۲
نیک بود گر تو بر فرزندِ دلبندش بدرود | انچہ رفت از مرتضےٰ بر دشمنانِ مصطفےٰ!
یا تو دانی مصطفےٰ را فارغ از رنجِ حسینؑ؟ | یا تو خواہی ایں مصیبت امتحانِ مصطفےٰ؟
یا مگر گاہے ندیدی مصطفےٰ را با حسینؑ؟ | یا مگر ہرگز نبودی در زمانِ مصطفےٰ؟
آں حسین ست ایں کہ گفتے مصطفےٰ روحی فداک | چوں گذشتے نام پاکش بر زبانِ مصطفےٰ

آں حسین ست ایں کہ بوسی مصطفےٰ چشمش بہ رنج | بوسہ چوں باقی نماندے در دہانِ مصطفےٰ!
یعنی چشم پر رنجش
قدسیاں را نطق من آورد غالب در سماع | گشتہ ام در نوحہ خوانی مدح خوانِ مصطفےٰ!

نعت

اے کج اندیشہ فلک حرمتِ دیں بایستے | علمِ شاہ نگوں شد نہ چنیں بایستے
تا چہ اخفا دکہ بر نیزہ سرش گرداند | عزتِ شاہِ شہیداں بازیں بایستے
حیف باشد کہ فتد خستہ ز توسن برخاک | آنکہ جولانگہِ او عرش بریں بایستے
حیف باشد کہ ز اعدا دمِ آبے طلبد | آنکہ سائل بدرش روحِ امیں بایستے
جرعۂ آبے ۱۲
تازیاں را بہ جگر گوشۂ احمد چہ نزاع | وطنِ اصلی ایں قوم زچیں بایستے
ایہا القوم! تنزل بود ار خود گویم | میہماں بے خطر از خنجرِ کیں بایستے

یعنی یہ تو ادنیٰ درجے کی بات ہے اگر یہ کہا جاے کہ اے اہلِ شام کربلا کا میہمان خنجرِ کیں سے محفوظ رہنا چاہیے تھا بلکہ جو سخن اس موقع پر کہنے کے لائق ہے وہ یہ ہے یعنی جیسا اگلے اشعار میں بیان ہوا ہے۔

سخن اینست کہ در راہِ حسینؑ ابنِ علیؑ | بوسہ از روی عقیدت بہ جبیں بایستے
چشمِ بد دور بہنگامِ تماشای رخش | رونما سلطنتِ روی زمیں بایستے
داشتن نا خواستہ در شکرِ قدومش دادن | اگرش ملک وگر تاجِ نگیں بایستے
دادن داشت یعنی بایست داد ۱۲
چوں بفرمانِ خود آرائی وخود بینی وبغض | آں نکردید کہ از صدق و یقیں بایستے
با اسیرانِ ستمدیدہ پس از قتلِ حسینؑ | دلِ نرم ودمنش مہر گزیں بایستے

چہ ستیزم بقضا ورنہ بگویم غالبؔ   علمِ شاہ نگوں شد۔ نہ چنیں بایستے

نوحہ

وقت ست کہ در پیچ و خمِ نوحہ سرائی   سوزد نفس نوحہ گر از تلخ نوائی
وقتست کہ آں پردگیاں۔ کز رہِ تعظیم   بر در رہِ شاں کردہ فلک ناصیہ سائی
از خیمۂ آتش زدہ عریاں بدر آیند   چوں شعلہ دخاں بر سرِ شاں کردہ ردائی
جانہا ہمہ فرسودۂ تشویشِ اسیری   دلہا ہمہ خوں گشتۂ اندوہِ رہائی
اے چرخ چو آں شد گر از بہرِ چہ گردی   اے خاک چو ایں شد گر آسودہ چرائی
خوں گرد۔ و فرو ریز! اگر صاحب مہری   برخیز و بخوں غلط! اگر از اہلِ وفائی
تنہاست حسینؑ ابنِ علیؑ در صفِ اعدا   اکبرؔ تو کجا رفتی و عباسؑ کجائی
توقیعِ شفاعت کہ پیمبرؐ ز خدا داشت   از خونِ حسینؑ ابنِ علیؑ یافت روائی
فریاد ازاں حاملِ منشورِ امامت   فریاد ازاں نسخۂ اسرارِ خدائی
فریاد ازاں زاری و خونابہ فشانی   فریاد ازاں خواری و بے برگ و نوائی
فریاد ز بیچارگی و خستہ درونی   فریاد ز آوارگی و بے سر و پائی
غالبؔ جگری خوں کن و از دیدہ فرو بار   گر روے شناسِ غمِ شاہِ شہدائی

نوحہ

سروِ چمنِ سروری افتاد ز پا۔ ہاے   شد غرقہ بخوں پیکرِ شاہِ شہدا۔ ہاے
بر خاکِ رہ افتادہ تنے ہست۔ سرش کو   آں سرو سہی قد فرزندۂ آں لعل دوتا۔ ہاے

عباسؑ دلاور کہ دراں معرکہ داشت   شمشیر بیکدست و بیکدست لوا۔ ہاے
آں قاسمِ گلگوں کفنِ عرصۂ محشر   واں اکبرِ خونیں تنِ میدانِ وغا۔ ہاے
آں اصغرِ دل خستۂ پیکانِ جگر دوز   واں عابدِ غمدیدۂ بے برگ و نوا۔ ہاے
اے قوتِ بازوے جگر گوشۂ زہرا   دستِ تو بشمشیر شد از شانہ جدا۔ ہاے
اے شہرہ بدامادی و شادی کہ نداری   کافور و کفن۔ بگذرم از عطر و قبا۔ ہاے
اے مظہرِ انوار کہ بود اہلِ نظر را   دیدارِ تو دیدارِ شہِ ہر دو سرا۔ ہاے
اے گلبنِ نورستۂ گلزارِ سیادت   نایافتہ در باغِ جہاں نشو و نما۔ ہاے
اے منبعِ آں ہشت کہ آرایشِ خلد اند   داغم کہ رسن شد بگلوے تو روا۔ ہاے
بالغ نظرانِ روشِ دینِ نبی۔ حیف   قدسی گہرانِ حرمِ شیرِ خدا۔ ہاے
ماتم کدہ آں خیمۂ غارت زدگاں حیف   غارت زدہ آں قافلۂ آلِ عبا۔ ہاے
آں تابشِ خورشید دراں گرم روی حیف   واں طعنۂ کفار دراں شورِ عزا۔ ہاے
غالبؔ بملائک نتواں گشت ہم آواز   اندازۂ آں کو کہ شوم نوحہ سرا۔ ہاے

از قصیدہ فارسی

بیا در کربلا تا آں ستمکش کارواں بینی   کہ در روے ادب آلِ عبا را ساربان بینی
نہ بینی ہیچ بر سر خازنانِ گنجِ عصمت را   مگر در خار بن تا رو پودِ طیلساں بینی
ہمانا سیلِ آتش بردہ بنگاہِ غریباں را   کہ ہر جا پارۂ از رخت و موج از دخاں بینی
نہ بینی چشمۂ از آب و چوں جوی کنارش را   ز خونِ تشنہ کاماں چشمۂ دیگر رواں بینی

ببینی سرخوش خوابِ عدم عباس غازی را — نه شکش در خمِ بازو نه تیرش در کمان بینی
هجومِ خستگان و سوز و سازِ نوگرفتاران — نوائین بزم طوی قاسمِ ناشادمان بینی
نمی بینی که چون جان داد از بیداد بدخواهان — علی اکبر که همچون بخت بدخواهش جوان بینی
گر از تنم کاینه بینی دے داری و چشمے هم — بخون آغشته نازک پیکرِ اصغر حیان بینی
چه دندان بر جگر افشرده باشی کاندران وادی — حسینؑ ابن علی را در شمارِ کشتگان بینی
نیاری گرد ران کوشش که پایش در رکاب آری — نه بینی گر خود آن خم آهی که دستش عنان بینی
تنے را کش رگِ گل خار بودے بر زمین یابی — سرے را کش را فسر خار بودے بر سنان بینی

ستایشِ روزگار

هست از تمیز گر به هما استخوان دهد — آئینِ دهر نیست که کس را زیان دهد
مردست مرد هر چه کند بے خطر کند — را دست راد هر چه دهد رایگان دهد
گلزار را اگر نه ثمر گل بهم نهد — درویش را اگر نه سحر شام نان دهد
گنجِ سخن نهد به نهان خانهٔ ضمیر — وانگه کلیدِ گنج بدستِ زبان دهد
تا روز خاک تیره نه گردد ز رشکِ چرخ — رخشانئے ستاره بریگِ روان دهد
تا آدمی ملال نگیرد ز یک هوا — سرمائے نو بهار و تموز و خزان دهد
هم در بهار گل شگفاند چمن چمن — تا راحتِ مشام و نشاطِ روان دهد
هم در تموز میوه فشاند طبق طبق — تا آرزوئے کام و مرادِ دهان دهد
آن را که بخت دسترسِ بذل نان نیست — طبعِ سخن رس و خرد خرده دان دهد

تشبیب قصیده بنعت امام دوازدهم

آن را که طالعِ کفِ گنجینه پاش نیست — نعم البدل ز خامهٔ پروین فشان دهد
دانم که آسمان بزمین پیشکار نیست — عکس چه جلوه روشنیِ روشنان دهد
چون جنبشِ سپهر بفرمانِ داور است — بیداد نبود آنچه بما آسمان دهد
رنگ از گل است و سایه ز نخل و نوا ز مرغ — هر جا بهار هر چه بود در خور آن دهد
در نشترِ نفحهٔ قرعه بنامِ هوا زند — در نشوِ سبزه حکم به آبِ روان دهد
مستیز با نسیم اگر بلبلے بباغ — جان در نورد خارِ خس آشیان دهد
دار و زبهر زندگی آمد نه بهرِ مرگ — جرمِ پزشک چیست اگر خسته جان دهد
پرویز دیر یاب شهے بود ورنه بخت — آواره را براه ز شیرین نشان دهد
فرهاد زود میر کسے بود ورنه دهر — کامِ دلِ غریب پس از امتحان دهد
دارم ز روزگار نویدے که آن نوید — در پیریم بشارتِ بختِ جوان دهد
از داور زمانه باندیشه درست — شادم که مزدِ بندگیم ناگهان دهد
هر گه بسر نوشت سر آید شمارِ غم — راهم بیارگاهِ شهِ انس و جان دهد
سلطانِ دین محمد مهدی که رائے او — منشورِ روشنی به شهِ خاوران دهد

صفتِ سالکانِ طریقت

رهروان چون گهرِ آبلهٔ پا بینند — پاے را پایه فراتر ز ثریا بینند
هر چه در دیده عیانست نگاهش دارند — هر چه در سینه نهانست ز سیما بینند
راستی از رقمِ صفحهٔ هستی خوانند — نقشِ کج بر ورقِ صفحهٔ عنقا بینند

تشبیب قصیده مدح ...

یہ شعر گویا ماحصل ہے اِس قول کا کہ "لَیْسَ فِی الْاِمْکَانِ اَبْدَعُ مِمَّا کَانَ" یعنی جو نظامِ عالم کا اب موجود ہے اِس سے بہتر نظام ناممکن تھا۔

دور بینانِ ازل ـ کوری چشم بد بیں   ہم دریں جا نگرند آنچہ در آنجا بینند

(یعنی چشم بد دور)

رانزیں دیدہ دراں جوے کہ از دیدہ دری   نقطہ گرد در نظر آرند سویدا بینند

راہ زیں گرم رواں پرس کہ در گرم روی   جادہ چوں نبضِ تپاں در رگِ صحرا بینند

شررے راکہ بناگاہ بدر خواہد جست   زخمہ کردار بتارِ رگِ خارا بینند

قطرہ راکہ ہر آئینہ گہر خواہد بست   صورتِ آبلہ بر چہرۂ دریا بینند

(یعنی گہر خواہد شد)

شام در کوکبۂ صبح ـ نمایاں نگرند   روز در منظرِ خفاش ہویدا بینند

وحشتِ تفرقہ در کاخِ مصوّر سنجند   مجمعِ اُنس بہ نُہ بست زلیخا بینند

کاخِ مصوّر وہ محل جسکو زلیخا نے وصالِ یوسف کے لئے آراستہ کیا تھا اور جس میں تمام سامانِ عیش و کامرانی جمع تھا۔ نُہ بست وہ جھوپڑا جو یوسف کے قید ہو جانے پر اُنکی جدائی کے غم میں زلیخا نے اپنے لئے بنا لیا تھا اور اُسمیں رہتی تھی ـ کہتا ہے کہ یہ لوگ یعنی اہل اللہ کاخ مصوّر جیسے آراستہ محل میں اُس تفرقہ کی وحشت کو دیکھ لیتے ہیں جو یوسف اور زلیخا کے حق میں وہاں سے آخرکار پیدا ہوا اور اُنس اور مِلاپ کو اُس نُہ بست میں دیکھ لیتے میں جو یوسف اور زلیخا کو اُسکے بعد نصیب ہونے والا تھا۔

ہرچہ گویند عجم از خسرو و شیریں شنوند   ہرچہ آرد عرب از وامق و عذرا بینند

یعنی خسرو و شیریں کا قصہ جو اہل عجم بیان کرتے ہیں یہ لوگ اسکو خود خسرو اور شیریں کی زبان سے

سُن لیتے ہیں اور وامق و عذرا کی روئداد جو عرب اسے بیان کرتے ہیں یہ لوگ اُسکو خود وامق و عذرا پر گذرتی دیکھ لیتے ہیں۔

نستوہند اگر ہمرہِ مجنوں گردند   نخروشند اگر محملِ لیلےٰ بینند

خوں خورند و جگر از غصہ بدنداں گیرند   خویش را چوں بسر مائدہ تنہا بینند

یعنی جب اُنکے ساتھ کوئی دوسرا دسترخوان پر نہیں ہوتا تو دانت پیستے ہیں یعنی جو فیض اُن کو پہنچتا ہے اُس میں اوروں کو بھی شریک کرنا چاہتے ہیں۔

سر و تن را اگر از دردستوہ انگارند   جان و دل را اگر دوست شکیبا بینند

قطرۂ آب بہ لب بوسۂ نشتر شمرند   پارۂ ناں بہ گلو ریزۂ مینا بینند

یہ دونو شعر دست و گریباں ہیں مطلب یہ ہے کہ دردِ طلب سے اکتا جانا اور دوست کے خیال سے فارغ ہونا کبھی نہیں چاہتے۔

قشقہ را رونقِ ہنگامۂ ہندو خوانند   بادہ را شمعِ طربخانۂ ترسا بینند

یعنی ہر ایک شے کو اپنے اپنے محل پر مناسب و موزوں خیال کرتے ہیں اور کسی چیز سے ازراہِ تعصّب ناک نہیں چڑھاتے۔

برسم و زمزمہ و قشقہ و زنّار و صلیب   خرقہ و سبحہ و مسواک و مصلّےٰ بینند

برسم و زمزمہ آتش پرستوں کے ساتھ، قشقہ و زنار ہندوؤں کے ساتھ اور صلیب عیسائیوں کے ساتھ مخصوص ہے اور دوسرے مصرع میں شعائرِ اسلام کا بیان ہے کہتا ہے کہ وہ لوگ برسم و زمزمہ وغیرہ اور خرقہ و مصلّےٰ وغیرہ میں کچھ فرق نہیں سمجھتے۔

اشعار فخریہ

دل نہ بندند بہ نیرنگِ درینِ دو رنگ — ہر چہ بینند بعنوانِ تماشا بینند
جام جویند و زرندی نہ گرایند بزہد — سبحۂ انجم اگر در یدِ بیضا بینند
ہر چہ در سُو نتواں یافت بہر سو یابند — ہر چہ در جا نتواں دید بہر جا بینند
ہمہ گردند دراں پایہ کہ اورا دانند — ہیچ باشند دراں وقت کہ خود را بینند
ایں نظرہائے گرانمایہ فراموش کنند — چوں بہ نیرنگِ سخن شعبدۂ ما بینند
نظم را موجۂ سرچشمۂ حیواں فہمند — نثر را نسخۂ اعجازِ مسیحا بینند
گہ پئے نقل بصد گونہ تقاضا خواہند — گہ پئے فال بصد رنگ تمنا بینند
بُرَد از یاد کہ دنیاست نمودِ بے بود — ایں دل افروز نمو دیکہ زدنیا بینند

اِس مقام پر اِس شعر کی خوبی وجدانی ہے بیان میں نہیں آسکتی. کہتا ہے کہ دنیا کی یہ دل افروز نمود یعنی ہماری نظم و نثر جب اہل اللہ کی نظر سے گذرے گی تو وہ انکے دل سے اِس عارفانہ خیال کو فراموش کردیگی کہ دنیا محض ایک نمودِ بے بود ہے.

تشبیب قصیدہ مدح ملک مؤتمن

صفتِ موسمِ بہار

شکر کہ آشوبِ برف و باد سر آمد — نامیہ از بندِ زمہریر بر آمد
کسبِ ہوا نفعِ آبِ خضر رساند — سبزہ جہان را بہ بیشہ راہبر آمد

یعنی آج کل جنگل کی ہوا کھانے سے وہی فائدہ ہوتا ہے جو آبِ حیات کے پینے سے ہوتا ہے اور جس طرح خضر آبِ حیات کا رستہ بتاتا ہے اسی طرح سبزہ جنگل کا رستہ بتاتا ہے.

در چمنستاں کشودہ بارِ نوادر — باد کہ بازارگانِ بحر و بر آمد

اشتلم انتظارِ گل بود ور نہ — دیدۂ نرگس ز حدقہ چوں بدر آمد
تا ز چہ دانستہ قربِ مقدمِ گل را — سبزہ بہ باغ از شگوفہ پیشتر آمد

یعنی سبزہ جو شگوفے سے پہلے باغ میں آیا ہے اِسنے گل کی آمد آمد کہاں سے سن لی.

بیہدہ بنود خروشِ مرغِ سحرخواں — کوکبۂ گل مگر بباغ در آمد
قیس کجا تا کند شمارۂ محمل — از پسِ ہر غنچہ غنچۂ دگر آمد

غنچے کو محمل سے اور گل کو لیلی سے تشبیہ دی ہے کہتا ہے کہ قیس جو ایک کے سوا دوسرا محمل نہیں جانتا وہ آئے اور محملوں کو شمار کرے کیونکہ ہر غنچے کے بعد دوسرا غنچہ اور دوسرے کے بعد تیسرا وہلم جرا نکلتے چلے آتے ہیں.

کثرتِ انواعِ گل نگر کہ ہیولے — رنجہ ز بارِ فزونیِ صُوَر آمد

یعنی طرح طرح کے پھولوں کی اِس قدر کثرت ہے کہ ہیولے بیشمار مختلف صورتوں کی ہیئات سے عاجز آگیا ہے اور تھک گیا ہے.

لالہ بسیجد ز تیغِ کوہ گذشتن — دامنش اینک ز زیرِ سنگ بر آمد

بسیجد یعنی ارادہ کرتا ہے تیغِ کوہ قلۂ کوہ. دامن از زیرِ سنگ برآمدن مصیبت سے نجات پانا.

نکہتِ گل شد وبائے عام جُعَل را — زنجرہ ہر شب نہ ہرزہ مویہ گر آمد

جُعَل ایک جانور ہے سیاہ رنگ جسکو خوشبو راس نہیں اِسی لئے موسمِ بہار میں مرجاتا ہے اور چونکہ گوبر میں پیدا ہوتا ہے اِس لئے اُسکو ہندی میں گبریلا کہتے ہیں. زنجرہ جھینگر جو رات کو اکثر بولتا ہے. مویہ گر نالاں و گریاں.

میکدۂ خسروِ گل ست۔ رزستاں   صورتِ مینا ز غورہ در نظر آمد

کہتا ہے کہ رزستان یعنی انگور کی ٹٹیاں گویا خسروِ گل کا شرابخانہ ہے کیونکہ اسمیں نیم خام انگور لگے ہوئے ایسے معلوم ہوتے ہیں جیسے شراب کی بوتلیں۔

زودغمِ تردامنی مخور۔ کہ جہاں را   موجِ گل از ہر کرانہ تا کمر آمد
فتوی مے داد ابر و باد و لیکن   شیشہ نہاں بہ کہ زاہد بگہر آمد

غدر ۱۸۵۷ء کے بعد ملک میں امن ہو جانا اور معافی کا اشتہار جاری ہونا۔

در روزگار ما نتواند شمار یافت   خود روزگار آنچہ دریں روزگار یافت
پرکارِ تیز گردِ فلک در میاں ببیں   حق داد دادِ حق کہ بمرکز قرار یافت
درہاے آسماں بزمیں باز کردہ اند   ہرکس ہر آنچہ جست بہر روزگار یافت
آمد اگر بفرض ز بالا بلا فرود   بر روی خاک پیچ و خمِ زلفِ یار یافت
چوں حسنِ ماہ یک شبہ بینی۔ مداں کہ ماہ   یادش جانگدازیِ شبہای تار یافت
چوں رنگِ روی گل نگری۔ شاد شو کہ گل   اجرِ جگر خراشیِ پیکانِ خار یافت
در خاک و باد و آتش و آب آشتی فزود   ایں پرورش کہ خلق ز پروردگار یافت
ناچار جز بہ داد گرایش نمی کند   دردِ دہر ہر چہ صورت ازیں چہار یافت
ہرکس بقدرِ فطرتِ خویش ارجمند گشت   ہر شے بحسنِ جوہرِ خویش اشتہار یافت
گر خواجہ بندہ را خطِ آزادگی نبشت   ہم بر درِ سرای خودش بندہ وار یافت

در بندہ خود ز خشم خطِ بندگی درید   توقیعِ خوشدلی ز خداوندگار یافت
مہ روشنی۔ و مہر فروزش ز سر گرفت   لیل و نہار صورتِ لیل و نہار یافت
بہرامِ دل بہ بستنِ تیغ و کمر نہاد   ناہید ذوقِ ورزشِ مضرابِ تار یافت
نظارہ فتنہ ہای عیاں از نظر سترد   اندیشہ گنجہای نہاں آشکار یافت
یعنی چشم
جام از شراب۔ روشنی آفتاب داد   بزم از بساطِ تازگیِ نوبہار یافت
روی سخن صفای بناگوشِ گل گزید   بانگِ قلم نشاطِ نوای ہزار یافت
بلبل
برہم زدند قاعدہ ہاے کہن بہ دہر   ہرکس نشاطِ تازہ ز ہر گونہ کار یافت
فیضِ سحر بہ غالبِ پیمانہ کش رسید   ذوقِ صبوح عابدِ شب زندہ دار یافت
رہزن متاعِ خویش بر ابن السبیل ریخت   کودک رضای لہو ز آموزگار یافت
گر زاہدست نیز ز من مے بجام برد   در مجرم ست نیز ز شہر ینہار یافت
با فتنہ ہم مضایقہ در خرمی نرفت   خود رخصتِ خواہش از رگِ گل چو دو تار یافت
دولت سپند سوخت کہ شد ملک تازہ روی   ملک آفریں سرود کہ دولت مدار یافت
از انتظامِ شاہی و آئینِ سروری   سور و سرور و دانش و داد انتشار یافت
بر خستگانِ ہند بہ بخشود از کرم   وکٹوریا کہ رونق از روزگار یافت

شکوۂ تغافل و عدم توجہ بہ نواب یوسف علیخاں مرحوم رئیس رام پور در زمانہ سختی و بے مایگی کہ بعد از فتح دہلی روزے چند روے دادہ بود

چون نیست مرا شربت آبی ز تو حاصل　　دانم که تو دریائی و من سبزهٔ ساحل
در بادیه بر گور غریبان ز چه سوزد　　آن شمع فروزان که بود در خور محفل
زان خسرو خوبان† چه قدر چشم وفا بود　　صد حیف که شد نقش امیدم همه باطل
افسانهٔ غم گر بسرایم نبود عیب　　با دوست که پیوسته همی برد غم از دل
میگویم و همدم زندم طعنه که "تن زن　　چون می ندهد داد ز فریاد چه حاصل"
از طعنه شدم خسته دل و از رهِ تیمار　　دل گفت که هان شیوهٔ عشاق فرو هل
تا کس نبرد ظن که به شاهد بودم روی　　حاشا که حکایت کنم از لیلیٰ* و محمل
شاهد بود آن دوست که اندر غزل او را　　خوانند ستمگاره و خونخواره و قاتل
من ناله از آن دوست که در عالم انصاف　　شایان بودش گویم اگر خسرو عادل
او خسرو خوبان بود و بنده گدایش　　او قلزم و عمان بود و من خس ساحل
خود هر چه سرودم همه با اوست کزین پیش　　امید گهم بود بهر وادی و منزل
یارب چه شد اینک که نگیرد خبر از من　　بربسته بردیم در ارسال رسائل
ای یوسف ثانی که بود در همه عالم　　مشتاق جمال تو چه دیوانه چه عاقل

† نواب یوسف علیخاں مرحوم صاحبزادگی کے زمانے میں جب تحصیل علم کے لئے دلی میں آئے تھے اس وقت مرزا صاحب سے بہت ربط تھا مفتی صدر الدین خاں مرحوم سے عربی پڑھتے تھے اور مرزا صاحب سے فارسی۔ مرزا نے اس قصیدے میں اس زمانے کو یاد دلایا ہے چنانچہ اسی قصیدے پر نواب ممدوح نے سو روپیہ ماہوار مرزا کے لئے مقرر فرمایا تھا جو مرزا کی دم واپسیں تک برابر جاری رہا ۱۲

* چونکہ تشبیب میں اکثر معشوق کی طرف خطاب ہوتا ہے اس لئے کہتا ہے کہ میں اس تشبیب میں لیلی و محمل کا ذکر نہیں کرتا یعنی معشوق کی طرف میرا روئے سخن نہیں ہے ۱۲

تا نزد تو چون آیم و دور از تو چه سازم　　ماندن ز تو دشوار و رسیدن به تو مشکل
ای کاش بکوی تو چنین ره ننمودی　　زینسان که فرو رفته مرا پای به گِل
چون نیست که گاهی نکنی روی بدین سوی　　از چیست که هرگز نه‌ای دایه به سائل
گر جان دهم از غصه تو دانی که به گیتی　　حرفی غلط از صفحهٔ هستی شده زائل
خواهی که مرا تنگ بری؟ از در بفرمای　　تا نزد تو آرند یکی طائر بسمل
از صنعت استاد ازل دان که ز هر سوی　　چون قبله‌نما سوی توام ساخته مائل
غالب به سخن نام من آمد ز ازل آوره　　دانی که درین شیوه نیم عامی و جاهل
در فن سخن دم مزن از عرفی و طالب　　این آیهٔ خاص است که بر من شده نازل
من گنجم و گردون به گل انددده درم را　　مے بین در گنج، ار چه کشودن شده مشکل
خود در خور ویرانه بود گنج گران مند　　نم نیست گر آبادی دهلی شده زائل
هاروت فسون نفس گرم چه داند　　اعجاز ز دهلی بود و سحر ز بابل
آن را که صریر قلمم هوش رباید　　دیگر نبرد ذوق ز آواز عنادل
توقیع بریلی به تو فرخنده که من نیز　　بستم به فرهمندی خویش از کرم دل
حاشا که ستانم ز رقم قاضی و مفتی　　حاشا که پذیرم عمل شحنه و عامل
بفرست خردمند کسان را بحکومت　　در جیب گدا ریز قلیلے ز مداخل
هر سال از آن شهر به من دایه روان دار　　کز بهر همین گشته در اقطاع تو شامل
امید که لب تشنگی من نه پسندی　　زان رشحه که بر صفحه فشانی ز انامل

زاں رشحہ یعنی مداد۔ مطلب یہ کہ میرے ساتھ خط کتابت جاری رہے۔

امید کہ بپذیری و برمن نہ کنی قہر — نپذیرم اگر معذرتِ فرطِ مشاغل
امید کہ آں شیوہ نورزی کہ بگویم — کز دردِ دلم فارغ و از من شدہ غافل

کیفیتِ آغازِ موسمِ سرما

عیدِ اضحیٰ بسرِ آغازِ زمستاں آمد — وقتِ آراستنِ حجرہ و ایواں آمد
گرمی از آب برون رفت و حرارت ز ہوا — محملِ مہرِ جہاں تاب بہ میزاں آمد
روز می کاہد و شب راست در افزائش روے — موسمِ دیر غنودن بہ شبستاں آمد
آذر افروز و خز و اطلس و سیفور بدوز — مہرمہ میرود اینک مہِ آباں آمد
ہند در فصلِ خزاں نیز بہارے دارد — گونہ گوں سبزہ و گل بندِ خیاباں آمد
دے و بہمن کہ در اقلیمِ دگر یخ بندد — اندریں ملک گل و سبزہ فراواں آمد
نیشکر بسکہ صف آراست کہ در دور نسیم — گفت جا نیست دگر سر زدہ نتواں آمد
نخلِ نارنج نہ بینی کہ ہم از میوہ و شاخ — گوی و چوگاں بکف آوردہ و بمیداں آمد
تا برد داغِ غمِ ہجرِ شقائق ز دلش — گلِ صد برگ بہ دلجوئیِ دہقاں آمد

گرنہ ایں گرمیِ ہنگامہ تماشا دارد
از چہ نرگس پئے نظارہ بہ بستاں آمد

صفتِ موسمِ بہار

سحر کہ بادِ سحر عرضِ بوستاں گیرد — دہد بہ نکہتِ گل حکم تا جہاں گیرد
برات بر زرِ گل کردہ اند پنداری — کہ غنچہ را سپہ سبزہ درمیاں گیرد
مگر بگردِ گل از بہرِ ایں حلقہ زدہ است — کہ ژالہ را ز ہوا سبزہ بر سناں گیرد
ستادہ سرو بداں اہتمام بر درِ باغ — کہ تا بہار دگر راہ بر خزاں گیرد
ز ژالہ غنچہ بہ سرمست شاہدی ماند — کہ بعد بادہ شکر ریزہ در دہاں گیرد
چمن ز عکسِ شفق ساتگینِ مل گردد — سمن ز جوشِ طرب رنگِ ارغواں گیرد
زنند گر ہمہ آتش بہ خارِ گل بالد — کشند گر ہمہ پیکر ز سنگ جاں گیرد
ز انبساطِ ہوا بعد ازیں عجب دارم — کہ مرغِ قبلہ نما جا در آشیاں گیرد
ز گل نگہ نتواں داشتن دل بیچارۂ عشق — اگر ز ما نتواند ز دلستاں گیرد
چناں بکنجِ چمن یافت ذوقِ طاعتِ حق — کہ شیخِ شہر چو ما ترکِ خانماں گیرد
حریصِ جلوہ نگہ در ہجومِ لالہ و گل — چو آں گدائے کہ دنبالِ کارواں گیرد
چنیں کہ شاخ ہمی سینہ بر زمیں مالد — چرا کسے ثمر از دستِ باغباں گیرد

کیفیتِ صبح

صبحے کہ در ہوای پرستاری بتِ من — جنبد کلیدِ بتکدہ در دستِ برہمن
در رفتہ روبروئے دمِ گرمِ ہمرہاں — آرد بہ دل گداختہ شمع از لگن

خیزد ز دستہ دستہ مغان نشستہ روی | در آرزوی چیدنِ برسم[1] ز نارون
از شورِ دیریان بگمانِ خروشِ صور | اموات را ز رقص بتن بر درد کفن
رخشندہ ستارہ از رخِ ناشستۂ صنم | بالد بنفشہ از قدِ خم گشتۂ شمن*
بر روی خاک جلوہ کند سایہ در نظر نسیم | بر بوی دوست حلقہ زند مرغ در چمن
خواہد چراغِ کشتہ چو شخصِ بریدہ سر | خیزد گلِ شگفتہ چو زخمِ خستہ تن
بر جامِ مل ز دیدۂ شبنم چکیدہ گاہ | بر روی گل ز طرۂ سنبل دود شکن
غوغای روز پردہ کشاید ز خوب و زشت | آوای کوس خواب رباید ز مرد و زن

فخر و خود ستائی با شکوۂ بخت و گردوں

اِس مضمون کے کچھ متفرق اشعار ہم مرزا کے ایک ترکیب بند میں سے جو جناب امیرؑ کی منقبت میں لکھا گیا ہے نقل کرتے ہیں۔ چونکہ یہ نظم ایک خاص انداز کی منقبت اور خاص طرز کی شاعری پر مبنی ہے جس سے زمانۂ حال کے عام مذاق نا آشنا ہیں مگر باوجود اسکے مرزا کے کلام میں شاعری کی حیثیت سے نہایت ممتاز درجہ رکھتی ہے اسلئے نہ اُسکو اِس موقع پر بالکل قلم انداز کیا جا سکتا ہے اور نہ وہ اوّل سے آخر تک نقل کیجا سکتی ہے۔ لہذا متعدد بندوں میں سے جستہ جستہ اشعار متضمن مضمون مندرجۂ عنوان انتخاب کر کے اِس مقام پر نقل کئے جاتے ہیں

[1] برسم جھاؤ یا انار وغیرہ کی پتلی پتلی بالشت بھر کی شاخیں جن کو آتش پرست عبادت یا غسل یا طعام کے وقت ہاتھ میں رکھتے ہیں ۱۲
* شمن بت ۱۲

اور جہاں جہاں ضرورت ہوگی مشکل مقامات کی شرح بھی کیجائیگی۔

بند اول

آں سحر خیزم کہ مہ را در شبستاں دیدہ ام | شب نشیناں را دریں گردندہ ایواں دیدہ ام

اِس تمام بند میں مرزا نے اپنی سحر خیزی اور جو کچھ اُس نور ظہور کے وقت میں آسمان پر یا زمین پر نظر آیا ہے اُسکو نہایت بلیغ و جزیل اشعار میں بیان کیا ہے اور آخر کو اُس سے ایک لطیف نتیجہ نکال کر شکایت آمیز فخر پر بند کو ختم کیا ہے۔ شعرِ مذکور کا مطلب یہ ہے کہ میں وہ سحر خیز ہوں کہ میں نے چاند کو اُسکی خوابگاہ میں دیکھا ہے اور شب بیداروں یعنی کواکب یا ملائک کو اِس گردندہ ایواں (یعنی آسمان) میں مشاہدہ کیا ہے۔

اینت خلوتخانۂ روحانیاں کانجا ز دور | زہرہ را اندر ردائے نورِ عریاں دیدہ ام

اینت کلمۂ تحسین و تعجب ہے بمعنی زہے و خہے۔ روحانیاں فرشتے۔ آسمان کو کہتا ہے کہ کیا عمدہ خلوتخانہ روحانیوں کا ہے جہاں میں نے دُور سے یعنی زمین پر سے زہرہ کو چادرِ نور میں عریاں یعنی بغیر کسی حجاب کے دیکھا ہے۔

ہر یکے فارغ ز غیر و ہر یکے نازاں بخویش | لو لئے را در دو عشر تگہ دو مہماں دیدہ ام
ہر گرائے ناداں بر سوائے بندی ال کرن | ماہ را در ثور و کیواں را بہ میزاں دیدہ ام

اِن دونوں شعروں کا سمجھنا کسی قدر نجوم کی اصطلاحات جاننے پر موقوف ہے منجموں نے دورِ فلک کو بارہ حصّوں پر تقسیم کیا ہے جن میں سے ہر ایک حصّے کو بُرج کہتے ہیں اور اُنکے نام یہ ہیں حمل، ثور، جوزا، سرطان، اسد، سنبلہ، میزان، عقرب، قوس، جدی، دلو، حوت۔ اِنھیں سے

ہر ایک برج کسی نہ کسی سیارے کا خانہ کہلاتا ہے یا وبال۔ مثلاً جدی و دلو زحل کے خانے اور شمس و قمر کے وبال ہیں اور برعکس اسکے اسد و سرطان شمس و قمر کے خانے اور زحل کے وبال ہیں اسی طرح ہر برج ایک سیارے کا خانہ اور دوسرے کا وبال ہے ثور اور میزان جن کا دوسرے شعر میں نام آیا ہے یہ دونو زہرہ کے خانے ہیں اور ثور کے تین درجے چاند کے شرف اور میزان کے اکیس درجے زحل کے شرف کے مقام ہیں۔ شاعر کا مطلب یہ ہے کہ میں نے چاند کو اسکے شرف کے مقام (یعنی ثور) میں اور کیوان یعنی زحل کو اسکے شرف کے مقام (یعنی میزان) میں دیکھا اور چونکہ ثور اور میزان زہرہ کے خانے ہیں اس لیے اس مطلب کو اس طرح ادا کرتا ہے کہ میں نے ایک لولی (رنڈی) یعنی زہرہ کی دو عشرتگاہوں یعنی ثور و میزان میں دو ایسے مہمان دیکھے ہیں کہ ہر ایک دوسرے کے حال سے بے خبر اور ہر ایک اپنے حال میں خوش ہے کہ میرے سوا کوئی دوسرا زہرہ کی عشرت گاہ میں نہیں ہے پھر دوسرے شعر میں رفع دخل مقدر کرتا ہے اور کہتا ہے کہ اس بیان کو کسی برے معنی پر محمول کرنا چاہیے بلکہ صرف مطلب یہ ہے کہ میں نے ماہ کو ثور میں اور زحل کو میزان میں دیکھا ہے۔

خفتہ ام زاں پیش بسیار باغ و مرغان باغ سر بہم خواب زیر بال پنہاں دیدہ ام

بر سم خواب یعنی جیسا کہ پرندوں کے سونے کا دستور ہے۔ سر زیر بال پنہاں یعنی بازو تلے سر گھسائے ہوئے۔

کلک موج نکہت گل دم ز گردش نا زدہ نامۂ فیض سحر نوشتہ عنواں دیدہ ام

موج نکہت گل کو کلک یعنی قلم قرار دیا ہے اور فیض سحر کو نامہ یعنی خط ٹھیرایا ہے۔ کہتا ہے

کہ ایسا سویرا تھا کہ پھولوں کی خوشبو کا قلم ابھی گردش میں نہیں آیا تھا کہ میں نے فیض سحر کا مکتوب جبکہ اسکا سرنامہ نہیں لکھا گیا تھا دیکھا۔ مطلب یہ کہ فیض سحر ابھی عام نہوا تھا اور پھولوں کی خوشبو سے باغ مہکنے نہیں پایا تھا۔

شانۂ باد سحرگاہی بجنبش نا مدہ طرۂ سنبل ببالیں پریشاں دیدہ ام

اس بیت میں باد سحرگاہی کو کنگھی فرض کیا ہے جسکے ملائم جھوکوں سے گویا سنبل کی زلف سلجھ جاتی ہے۔ کہتا ہے کہ ابھی شانۂ نسیم صبح کو جنبش نہیں ہوئی تھی اور طرۂ سنبل بالین راحت پر پریشان پڑا ہوا تھا۔

باد سرمستانہ می جنبید و شبنم می چکید غنچہ را در رخت خواب آلودہ داماں دیدہ ام

یہ اس حالت کے بعد کا بیاں ہے جو پہلے دو شعروں میں بیاں ہوئی ہے کہتا ہے کہ ہوا رسان رسان چل رہی تھی اور شبنم ٹپک رہی تھی جسکی وجہ سے میں نے غنچہ کو رخت خواب میں آلودہ داماں دیکھا یعنی اگرچہ غنچہ ابھی دوشیزگی کی حالت میں معلوم ہوتا تھا مگر چونکہ وہ عنقریب کھلنے والا تھا اس لیے وہ گویا اپنے رخت خواب میں آلودہ دامن ہو چکا تھا۔

صبح اول گو بروئے کس نیاورد از حیا صبح ثانی را بریں ہنگامہ خنداں دیدہ ام

اب ان تمام عجائبات کی جو آخر شب اسکو نظر آئے انکی قلعی کھولتا ہے اور کہتا ہے کہ صبح اول (یعنی صبح کاذب جو گویا کہ شرم و حجاب سے ایک جھلکی دکھا کر غائب ہو جاتی ہے) اگرچہ وہ حیا کے اصل بھید منہ پر نہیں لائی مگر صبح ثانی یعنی صبح صادق کو میں نے اس تمام ہنگامے پر خندہ زن

دیکھا۔ مطلب یہ کہ یہ تمام نظر فریب سیمیائی جلوے تھے جنکو محض وہم نے اختراع کیا تھا اور اسی لئے صبحِ صادق اُنپر خندہ زن تھی۔ اسکے بعد بند کو اِس گرہ کے شعر پر ختم کرتا ہے اور کہتا ہے۔

محرمِ رازِ نہانِ روزگارم کردہ اند　　تا بجرمِ گوش ننہد خلق خوارم کردہ اند

کہتا ہے کہ اگرچہ مجھکو زمانے کے پوشیدہ اسرار کا محرم بنایا ہے، مگر اِس لئے کہ کوئی میری بات نہ سُنے اور پوشیدہ راز ظاہر ہونے پائیں مجھکو دنیا میں ذلیل و خوار کر دیا ہے۔

از بندِ سوم

روشناسِ چرخ در جمعِ اسیرانش منم　　نورِ چشمِ روزنِ دیوارِ زندانش منم

کہتا ہے کہ آسمان کے مظلوم اسیروں میں اُسکا روشناس اور پہچاننے والا صرف میں ہوں؛ گویا میں اُس زنداں کے روزنِ دیوار کی جسمیں آسمان کے مظلوم قیدی اسیر ہیں۔ آنکھ کا نور ہوں۔

ثابت و سیارِ گردوں را رصد بستم بہ علم　　رشتۂ تسبیح گوہرہای غلطانش منم

چونکہ رصد باندھنے سے اکثر ستارے منتظم ہو جاتے ہیں اس لئے کہتا ہے کہ میں نے جو آسمان کے ثوابت و سیارات کی رصد باندھی ہے تو گویا میں اُسکے گوہرہائے غلطاں (یعنی کواکب) کی تسبیح کا ڈورا ہوں جسکے سبب سے تمام ستارے مثل دانہائے تسبیح کے منتظم ہو گئے ہیں۔

نے ز دانش کامیاب و نی ز سختی تنگدل　　شرمسارِ کوششِ برجیس و کیوانش منم

اہلِ نجوم کے نزدیک برجیس یعنی مشتری علم کا افاضہ کرنے والا ہے اور کیواں یعنی زحل

سختی اور مصیبت کا بھیجنے والا ہے کہتا ہے کہ نہ میں علم سے کامیاب ہوں اور نہ سختی اور مصیبت سے گھبرانے والا ہوں تو گویا مشتری اور زحل دونو کی کوششیں میرے باب میں رائگاں جاتی ہیں اور اِسلئے میں ان دونو سے شرمندہ ہوں۔

در لئیمی شہرۂ دہر از تہیدستیست چرخ　　رفتہ مسکیں از یاد گنجِ نہانش منم

کہتا ہے کہ آسمان جو لئیمی اور بخل میں مشہور ہے یہ اُسکی تہیدستی کا نتیجہ ہے کیونکہ اُسکے پاس دینے کو کچھ باقی نہیں وجہ یہ کہ اُسکا گنجینۂ پنہاں میں تھا سو وہ اپنے خزانے کو یعنی مجھکو بھول گیا ہے۔ مسکیں سے مراد خود آسمان ہے جیسے اردو میں کہتے ہیں کہ غریب اپنا خزانہ کہیں رکھکر بھول گیا۔

در غریبی خویش را از غصہ در دل می خلم　　خوردہ ام از شستِ غم تیرِ یکہ پیکانش منم

یعنی عالمِ غربت میں بسبب غم کے میں خود اپنے دل میں چبھتا ہوں گویا غم کی چٹکی سے وہ تیر میرے آ کر لگا ہے کہ خود میں ہی اُس تیر کی بھال ہوں۔

ماندہ ام تنہا بکنج از دورباشِ پاسِ وضع　　خانہ دارم کہ پندارند دربانش منم

دورباش۔ ہٹو بچو کی آواز کو کہتے ہیں جو نقیب اُمرا و سلاطین کی سواری کے آگے آگے پکارتے جاتے ہیں۔ مگر شعرا اُسکو اکثر مطلق روک ٹوک اور ممانعت و مزاحمت کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں کہتا ہے کہ پاسِ وضع مجھکو گھر کے کونے سے کہیں باہر نہیں جانے دیتا بس میری اپنے گھر پر ایسی مثال ہے کہ گویا اُسکا درباں میں ہی ہوں۔

پایۂ من جز بچشمِ من نیاید در نظر　　از بلندی اخترم روشن نیاید در نظر

از بندِ چہارم

چوں بغیر از عمر کاں مفتست ہیچم مایہ نیست　　نبودم ہیچ زیاں گر چرخ کج بازد بمن
پنجہ تنش دستے تواند بود - زاں بالاترم　　دل بنازم - شیرِ گردوں پنجہ گر یازد بمن

پہلے مصرع کی تقدیرِ عبارت یہ ہے "من ازاں بالاترم کہ فلک را بمن دستے تواند بود" شیرِ گردوں سے مراد خود گردوں یا برجِ اسد یا مریخ. پنجہ یازیدن دست دراز کردن و حملہ نمودن. دل باختن بہ حواس شدن.

ہر کرا گردوں بلند آوازہ تر خواہد بدہر　　نوبتِ شاہی دہد و آنگاہ بنوازد بمن

بنوازد بمن. یعنی اُسکو میرے ذریعے سے معزز کرتا ہے دوسرے شعر میں اُسکی تشریح ہے۔

پادشاہاں را سخن گفتن ہمہ کارِ کس است　　دیدہ ور شاہے کہ کارِ گفتن اندازد بمن
ور تو گوئی پادشہ را مایہ نبود - ہیچ نیست　　خود بشاہاں مایہ بخشم گر بپردازد بمن
آنکہ چوں در ملکِ ہستی سکۂ شاہی زند　　سکۂ شاہی بلعزائے یداللّٰہی زند

قولہ "پادشہ را مایہ نبود" اس سے یا تو یہ مراد ہے کہ سلاطینِ عہد اس قدر مایہ نہیں رکھتے کہ میرے کمال کے موافق میری قدر کریں۔ اور یا یہ مطلب ہے کہ بہادر شاہ مرحوم جو اس زمانے میں مرزا کے ممدوح اور پادشاہ کے لقب سے ملقب تھے وہ گردشِ روزگار سے بے مایہ ہیں۔ قولہ "گر بپردازد بمن" بپردازد کا فاعل دوسری بیت میں واقع ہوا ہے یعنی "آنکہ چوں در ملکِ ہستی الخ" مراد اس سے حضرت امیر المومنین علی مرتضیٰؑ ہیں جنکی منقبت میں مرزا نے یہ ترکیب بند لکھا ہے۔ فقط

قطعات

ہزار معنیِ سرجوش خاصِ نطقِ منست　　کزاں ز ذوقِ دل - دگوی از عسل بردست
درفتگاں بہ یکے گر توارد م رو داد　　مداں کہ خوبیِ آرایشِ غزل بردست
مراست ننگ و لے فخرِ اوست کاں بسخن　　بسعیِ فکرِ رسا - جا بداں محل بردست
مبر گماں توارد - یقیں شناس کہ دزد　　متاعِ من ز نہاں خانۂ ازل بردست

فرصت اگرت دست دہد مغتنم انگار　　ساقی و مغنی و شرابے و سرودے
زنہار ازاں قوم نباشی کہ فریبند　　حق را بسجودے - و نبی را بدرودے

اے کہ خواہی کہ بعد ازیں باشم　　مخلصِ صادق الولائے تو من
گر ترا شیوہ شاہدی بودے　　کردمے جان و دل فدائے تو من
ور ترا پیشہ شاعری بودے　　سودمے چشم و سر بپائے تو من
ور ترا پایہ خسروی بودے　　گفتمے گوہر ثنائے تو من
چوں ازیناں نۂ - مرا چہ ضرور　　کہ شوم ہرزہ مبتلائے تو من
راست گویم - بہانہ چند آرم　　ناصحِ مشفقم برائے تو من
بسکہ بر مال و جاہ مغروری　　نیستم خوش ازیں ادائے تو من